مگر قومی اور ملی زوال کے اہم محرکات کو محیط ہے۔ انہوں نے اپنے اس پیغام میں صدر مملکت، کابینہ، مجلس شوریٰ، علماء امراء، سیاسی جماعتوں جماعتی افتراق کے ذمہ داروں، نظام العلماء کے دونوں دھڑوں اور پاکستان کے ہر شہری کو احساس ذمہ داری دلایا ہے۔ رائے و تجویز سے کامل اتفاق نہ بھی ہو جیسا کہ بعض صورتوں میں ناگزیر بھی ہے لیکن ملی انحطاط و اضمحلال کے اسباب اور قومی ترقی اور ملی و جماعتی بہی خواہی کی اس دعوت پر ہر باشعور انسان کو لبیک کہنا چاہئے۔ شاید کہ اخلاص و ایثار کی باہمی مشاورت سے ملت کی طوفان رسیدہ "نیا" ساحل مراد سے جا لگے۔ (عبدالقیوم حقانی)

اشتراکیت کا حقیقت پسندانہ جائزہ | تصنیف۔ مولانا عبدالودود حقانی۔ فاضل حقانیہ۔ شائع کردہ۔ دارالعلوم عربیہ گجرات۔ ضلع مردان۔ صفحات ۲۶۸ قیمت ۲۰ روپے۔

مولانا عبدالودود حقانی، دارالعلوم حقانیہ کے فاضل اور دارالعلوم عربیہ گجرات کے قابل مدرس ہیں۔ خدا نے ان کو درس و تدریس کے ساتھ ساتھ تحریر و تصنیف کے اعلیٰ ذوق سے نوازا ہے۔ اولاً پشتو زبان میں رد اشتراکیت میں کتاب لکھی۔ جو بے حد مقبول ہوئی۔ اور اب مدیر حق مولانا سمیع الحق کی خواہش پر اسی کا اردو ترجمہ کر دیا ہے۔ جس میں دہریوں اور کمیونسٹوں کے اعتراضات، سوالات، دلائل و خدشات کے دندان شکن جوابات۔ ان کی مذہب بیزاری جبر و استبداد، ناپاک عزائم پر تحقیقی جائزہ، اور تبصرہ فرمایا اور آخر میں دہریت و اشتراکیت کے سیاہ طوفانی ریلے اور سیلاب سے بچاؤ کا اصل علاج جہاد اور اس کی ضرورت و اہمیت پر عالمانہ اور فاضلانہ گفتگو کی ہے۔ کتاب اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے بہترین تحفہ ہے۔ دلچسپ، مضامین اور قیمتی معلومات کی وجہ سے تحریر میں پشتو لہجہ کی جھلک بھی چبھتی نہیں ہے۔ ملکی سرحدات اور افغانستان کے حالات کے پیش نظر ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ لازمی کرنا چاہئے (عبدالقیوم حقانی)

قومی اسمبلی میں اسلام کا معرکہ

شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مظلہ کی سرگرمیاں

• صدر مشرف نے دست تعاون دراز کرتے ہوئے جو بیرونی اثاثے اپنے اکاؤنٹ میں منتقل کئے ہیں قومی اسمبلی میں قومی و ملی مسائل پر قرار دادیں پیش کی جائیں۔ پارلیمنٹ میں موجود سیاسی پارٹیوں کا موقف جو حسب اختلاف اور حسب استطاعت اسلامی و ملی مسائل کے بارہ میں رہا ہے۔ شیخ الحدیث کی نظر ہے۔ اور ان کی قرار دادیں پیش کر کے ان کو اسمبلی کا ریکارڈ بنا دیا ہے۔ آئین کی اسلامی اور جمہوری بنانے کی جدوجہد پر گفتگو، تحریک انتظام، مساوات اور مجازات، مستورہ و کنظم میں تبدیلیات اور نشر کی تقریریں

★ سود بینکوں کے خشک اور اخلاقی دھبے کے کردار کی کیسے ہو؟

★ ایک اہم سیاسی مسئلہ

★ ایک آئینی اور کیا اعلان

★ ایک ایسی رپورٹ جو اہل کے شائع کردہ مرکزی رپورٹ کے حوالوں سے بھی مستند ہے۔

★ پاکستان کے سرحد آئین سازی کی ایک تاریخی داستان اور ایک ایسی کتاب جس کے حوالہ سیاست دان بھی اور اسلامی سیاست میں ہمیشہ اور آئندہ بھی نہیں بھول سکتے۔

★ ایک ایسی کتاب جو جہاد اور غلبہ اسلام کے طور پر اعلان کیے جوبت و زبان بھی ہے۔ آئندہ نسل میں اسلامی جدوجہد میں رہنما ہے — کتاب شائع ہو چکی ہے۔ اور آئندہ نسل جاری ہے۔

حدود ۔ طباعت حسین سرورق، قیمت پندرہ روپے۔ صفحات ۲۰۰

مؤتمر المصنفین اکوڑہ خٹک (پشاور)